## تیزی سے بدلتی ہوئی جغرافیائی صورتحال کے پیش نظر پاکستان پر خطرات کے بادل منڈلا رہے ہیں۔الطاف حسین
## تمام طبقوں کوملک کی بقاء وسلامتی کیلئے دانشمندی کا مظاہرہ کرنا چاہیےاور معاملات کوافہام وتفہیم سے حل کرنا چاہیے
## انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں ملاقات کیلئے آنے والی ممتاز شخصیات سے بات چیت

لندن۔۔۔یکم جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ تیزی سے بدلتی ہوئی جغرافیائی صورتحال کے پیش نظر پاکستان پر اب بھی خطرات کے بادل منڈلا رہے ہیں اور ملک کوقومی یکجہتی کی شدید ضرورت ہے لہٰذا ملک کی بقاء وسلامتی کیلئے تمام طبقوں کو دانشمندی کا مظاہرہ کرنا چاہیےاور معاملات کوافہام وتفہیم سے حل کرنا چاہیے۔انہوں نے یہ بات ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں ملاقات کیلئے آنے والی ممتاز شخصیات سے بات چیت کرتے ہوئے کہی جن میں ایفروایشیئن سالیڈیریٹی آرگنائزیشن کے صدر پروفیسر محمد عارف، پاکستان کے مایہ ناز سابق ٹیسٹ کرکٹر اور مسلم لیگ اسپورٹس ونگ کے مرکزی صدر سرفراز نواز، برطانیہ کے ممتاز قانون داں ایس ایم انور ایڈوکیٹ، فرقان ایڈوکیٹ اور ریسرچ اینڈ ایڈوائزری کونسل کے رکن حامد عابدی شامل تھے۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے کنوینرڈاکٹر عمران فاروق، سینئر ڈپٹی کنوینر طارق جاوید، رابطہ کمیٹی کے ارکان سلیم شہزاد، محمد انور، سید طارق میر، آصف صدیقی، جاوید کاظمی، مصطفیٰ عزیزآبادی، سندھ کے وزیرثقافت رؤف صدیقی اور وزیر اسپورٹس وامورنوجوانان قمرمنصور بھی موجود تھے۔اس موقع پر پاکستان کی جغرافیائی سیاسی صورتحال کی روشنی میں پاکستان کودرپیش صورتحال اور ملک کے داخلی وبیرونی حالات پر تفصیلی غوروفکر کیا گیا۔اس اکیڈمک ڈسکشن میں تمام شخصیات نے ملک کے حالات کے بارے میں اپنا اپنا نکتہ ءنظر پیش کیا۔اس موقع پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان کی جوجیوپولیٹیکل صورتحال ہے اس کے پیش نظر جغرافیائی سرحدوں پر تیزی سے تبدیل ہوتے ہوئے حالات کا پاکستان پر براہ راست گہرا اثر پڑرہا ہے اوراس صورتحال کی وجہ سے پاکستان کوبھی مختلف قسم کے خطرات کا سامنا ہے۔انہوں نے کہا کہ جغرافیائی صورتحال کے پیش نظر ملک کوداخلی استحکام کی شدید ضرورت ہے لیکن یہ امر انتہائی افسوسناک ہے کہ بعض عناصر ملک کوداخلی طور پر غیر مستحکم کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک کوقومی یکجہتی کی جتنی ضرورت آج ہے اس سے پہلے کبھی نہ تھی۔لہٰذا ایسی صورتحال میں تمام طبقوں کوملک کی بقاء وسلامتی کیلئے دانشمندی کا مظاہرہ کرنا چاہیےاور معاملات کوافہام وتفہیم سے حل کرنا چاہیے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ جہاں تک متحدہ قومی موومنٹ کاتعلق ہے تو وہ ملک کی سلامتی وبقاءاور استحکام اور جمہوریت کے فروغ کیلئے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔

متحدہ قومی موومنٹ بلاتفریق رنگ ونسل عوام کی خدمت پر یقین رکھتی ہے، محمد حسین

مسکین آباد اور ملک انور گوٹھ کے سینکڑوں مکینوں کو مالکانہ حقوق کی تقریب سے مقررین کا خطاب

کراچی۔۔۔یکم/جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ بلاامتیاز رنگ ونسل اور زبان ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کےعوام کی عملی خدمت پر یقین رکھتی ہےاورعوام کے بنیادی مسائل کا حل حق پرست قیادت کا نصب العین ہے۔ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر بلدیات وکچی آبادی محمد حسین خان نے نارتھ ناظم آباد ٹاؤن کی پختون بستیوں مسکین آباد اور ملک انور گوٹھ کے سینکڑوں خاندانوں کو مالکانہ حقوق دینے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔تقریب سے ایم کیوایم کی پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج سردار خان، آل آزادقبائل اتحاد کے صدر شاہد علی خان ایڈوکیٹ اور نارتھ ناظم آباد ٹاؤن کے حق پرست ناظم ممتاز حمید نے بھی خطاب کیا۔تقریب میں مختلف پختون برادری بالخصوص ہلمند، باجوڑ، وزیرستان اوردیگرقبائلی علاقوں سے تعلق رکھنے والے پختون بزرگوں اورنوجوانوں نے شرکت کی۔صوبائی وزیر بلدیات محمد حسین نے کہا کہ ایم کیوایم عوام کی بلاامتیاز عملی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور ماضی میں بھی قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر حق پرست قیادت کی جانب سے کراچی میں بسنے والی تمام قومیتوں کی آبادیوں کو مالکانہ حقوق دیئے جاچکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم لسانیت اورتعصب پر یقین نہیں رکھتی اور چاہتی ہے کہ سندھ میں بسنے والے ہرشہری کوترقی کا حق ملے۔انہوں نے مزید کہا کہ سندھ بالخصوص کراچی میں بسنے والی تمام قومیتوں کا بھی فرض ہے کہ وہ شہر کی ترقی وخوشحالی میں بھرپور کردار ادا کریں اوراتحاد وبھائی چارے کا مظاہرہ کرتے ہوئے شہر کا امن وامان تباہ کرنے والے عناصر کی سازشوں کو ناکام بنادیں۔انہوں نے پختون بزرگوں اورنوجوانوں سے سوال کیا کہ کیا جوعناصر سازشیں کرکے

غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کو آپس میں لڑانا چاہتے ہیں کیا وہ پختون عوام کے خیر خواہ ہوسکتے ہیں؟ اس پر عوام نے بلند آواز میں کہا کہ ''نہیں'' صوبائی وزیر محمد حسین نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کی ہدایت کے مطابق پختون بستیوں کا ذاتی طور پر دورہ کر کے عوام کے مسائل سے آگاہی حاصل کریں گے اور بہت جلد پختون عوام کو مزید بستیوں کی لیز کی خوشخبری ملے گی۔تقریب سے پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج سردار خان نے کہا کہ پختونوں نے بہت بڑی تعداد میں یہاں آکر اس بات کا ثبوت دیا ہے کہ وہ کسی سیاسی ومذہبی جماعت کی پرتشدد سیاست کا ایدھن بننے کیلئے تیار نہیں بلکہ امن وامان اور بھائی چارگی پر یقین رکھتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جو عناصر کراچی آکر پختونوں سے اظہار یکجہتی کر رہے ہیں انہوں نے آج تک صوبہ سرحد اور قبائلی علاقوں میں ہلاک ہونیوالے ہزاروں پختونوں کے لواحقین سے تعزیت تک نہیں کی۔انہوں نے مزید کہا کہ سرحد اور قبائلی علاقوں کے پختونوں کو کبھی افغانستان اور کبھی جہاد کے کبھی القاعدہ کے نام پر ہلاک کیا جارہا ہے ان پختون رہنماؤں نے پختونوں کے قتل عام پر مجرمانہ خاموشی اختیار کررکھی ہے۔آل آزاد قبائل اتحاد کے صدر شاہد علی خان ایڈوکیٹ نے کہا کہ پختون اور اردو بولنے والے بھائی بھائی ہیں۔ان کے درمیان کوئی جھگڑا نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ کراچی میں آباد پختونوں کا جینا مرنا کراچی سے وابستہ ہے اور جو عناصر غریب پختون عوام کو بہکا کر شہر کا امن تباہ کرنا چاہتے ہیں وہ پختون عوام کے کھلے دشمن ہیں۔انہوں نے کہا کہ مالکانہ حقوق دینے کی یہ تقریب ایک جلسہ عام میں تبدیل ہوگئی ہے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ پختون اور مہاجر عوام آپس میں لڑنا نہیں چاہتے۔اس موقع پر حاضرین نے بلند آواز میں مہاجر پختون بھائی بھائی کے نعرے لگائے۔نارتھ ناظم آباد کے حق پرست ٹاؤن ناظم ممتاز حمید نے کہا کہ کراچی میں امن وامان کا قیام ہر شہری کا بنیادی فرض ہے اور وقت کا تقاضا ہے کہ کراچی میں بسنے والا ہر فرد دانشمندی کا مظاہرہ کر کے اور عوام کو آپس میں لڑانے کی سازشوں سے ہوشیار رہے۔اس موقع پر انہوں نے نارتھ ناظم آباد میں مختلف ترقیاتی منصوبوں کے بارے میں بھی بتایا۔

## مالکانہ حقوق کی تقریب میں پختونوں کا اظہار یکجہتی

کراچی ۔۔۔ یکم/جون 2007ء

نارتھ ناظم آباد ٹاؤن کی پختون کچی بستیوں مسکین آباد اور ملک انور گوٹھ کے سینکڑوں خاندانوں کو مالکانہ حقوق دینے کی تقریب دیکھتے ہی دیکھتے ایک بڑے جلسہ عام میں تبدیل ہوگئی،صوبائی وزیر بلدیات محمد حسین نے تقریب میں پختونوں بھر پور تعداد میں شرکت پر ان کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ آج کی تقریب اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ ایم کیوایم بلاتفریق خدمت کا مظہر ہے اور اردو بولنے والے اور پختونوں کیخلاف امن دشمن عناصر کی تمام تر سازشیں ناکام ہوگئی۔تقریب میں ایم کیوایم کی پنجابی پختون آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج سردار خان ،آل آزاد قبائل اتحاد صدر شاہد علی خان ایڈوکیٹ، نارتھ ناظم آباد کے حق پرست ٹاؤن ناظم ممتاز حمید کے علاوہ ہلمند، باجوڑ، وزیرستان اور دیگر قبائلی علاقوں سے تعلق رکھنے والے ہزاروں پختونوں بالخصوص بزرگوں اور نوجوانوں نے شرکت کی اور ہاتھوں میں ہاتھ ڈال کر اظہار یکجہتی کا اظہار کیا اس موقع پر پختونوں نے مہاجر پختون بھائی بھائی کے فلک شگاف نعرے بھی لگائے۔

## جماعت اسلامی کا ماضی اور حال دہشت گردی اور قتل وغارتگری سے عبارت ہے،ارکان سندھ اسمبلی

## جماعت اسلامی کو صوبہ سرحد میں امن وامان کی بدترین صورتحال کیوں دکھائی نہیں دیتی؟

کراچی ۔۔۔ یکم جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے جماعت اسلامی کے رہنماؤں کے بیان پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان میں جماعت اسلامی ہی دہشت گردی اور کلاشنکوف کلچر کی بانی جماعت ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ دنیا جانتی ہے کہ جماعت اسلامی کا ماضی اور حال دہشت گردی، قتل وغارتگری اور مذہب کی آڑ میں غنڈہ گردی سے عبارت ہے اور ملک بھر کے عوام اس حقیقت سے بھی واقف ہیں کہ جماعت اسلامی نے کراچی کے تعلیمی اداروں میں کلاشنکوف کلچر متعارف کرایا اور دہشت گردی اور غنڈہ گردی کرائی۔انہوں نے مزید کہا کہ ملک بھر کے عوام جانتے ہیں کہ جماعت اسلامی کے دہشت گرد اس وقت کراچی کے تعلیمی اداروں میں کلاشنکوف اور اسٹین گنوں کی آزادانہ نمائش اور استعمال کرتے تھے جبکہ کراچی میں ایم کیوایم اور اے پی ایم ایس قائم بھی نہیں ہوئی تھی۔اس وقت بھی جماعت اسلامی کی دہشت گردیاں عروج پر تھیں اور متعدد طلباء تنظیموں کے کارکنان جماعت اسلامی کے دہشت گردوں کے ہاتھوں قتل کیے جاچکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کو کراچی میں امن

وامان کی صورتحال خراب دکھائی دیتی ہے اور کراچی میں ہونے والے ہر واقعہ پر جماعت اسلامی کے رہنماؤں کے پیٹ میں مروڑ اٹھتے ہیں لیکن صوبہ سرحد میں جہاں جماعت اسلامی صوبائی حکومت کے مزے لوٹ رہی ہے وہاں بم دھماکے، راکٹ لانچروں سے حملے، خودکش حملے اور قتل وغارتگری کے واقعات روزمرہ کا معمول بن چکے ہیں لیکن جماعت اسلامی کو صوبہ سرحد میں امن وامان کی بدترین صورتحال دکھائی نہیں دیتی۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ جماعت اسلامی کے رہنما عوام کو اس بات کا جواب دیں کہ انہیں صوبہ سرحد میں ہونے والی مسلسل دہشت گردی اور قتل وغارتگری کیوں دکھائی نہیں دیتی اور ان کی جانب سے صوبہ سرحد میں امن وامان کی بدترین صورتحال پر صوبہ سرحد کی حکومت برطرف کرنے کا مطالبہ کیوں نہیں کیا جاتا؟

## ایم کیوایم کے خلاف منفی پروپیگنڈہ مہم غریب عوام کے خلاف سازش ہے، ملک تنویر

مظفرآباد۔۔۔یکم جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ آزاد کشمیر کے جوائنٹ انچارج ملک تنویر نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر سمیت ملک بھر میں ایم کیوایم کے خلاف منفی پروپیگنڈہ مہم غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے خلاف کھلی سازش ہے جس کا مقصد پاکستان پر مسلط فرسودہ جاگیردارانہ نظام کو تحفظ دینا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے مظفرآباد پریس کلب میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ آج عوامی حمایت سے محروم نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتیں ایم کیوایم کے خلاف زہریلا پروپیگنڈہ کررہی ہیں تاکہ ملک بھر میں ایم کیوایم کی بڑھتی ہوئی عوامی مقبولیت کا راستہ روکا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر سمیت ملک بھر میں ایم کیوایم کے خلاف منفی پروپیگنڈہ مہم غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے خلاف کھلی سازش ہے جس کا مقصد پاکستان پر مسلط فرسودہ جاگیردارانہ نظام کو تحفظ دینا ہے اور جو عناصر اور جماعتیں غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی کی تحریک کو روکنا چاہتی ہیں وہ غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کی کھلی دشمن ہیں۔انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر میں ایم کیوایم پر پابندی کے مطالبے کرنے والے عناصر دراصل ایم کیوایم کے حق پرستانہ اور انقلابی پیغام سے خوفزدہ ہیں اور وہ نہیں چاہتے کہ ملک بھر کے عوام میں شعوری بیداری پھیلے اور ملک بھر کے عوام ایم کیوایم کی طرح اپنی صفوں سے غریب ومتوسط طبقہ کی قیادت کو منتخب کرکے ایوانوں میں بھیجیں۔انہوں نے کہا کہ جھوٹے، منفی اور شرانگیز پروپیگنڈوں سے باشعور عوام کو گمراہ نہیں کیا جاسکتا اور نہ ہی ایم کیوایم کے پرعزم کارکنان کے حوصلے پست کیے جاسکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی منافقوں کا ٹولہ ہے اور یہ جماعت کشمیر جہاد کے نام پر دنیا بھر سے اربوں کھربوں روپے کا بھتہ وصول کرکے ہڑپ کرچکی ہے۔

## منفی پروپگنڈوں اور سازشوں سے حق پرستی کی جدوجہد کو سبوتاژ نہیں کیا جاسکتا، ایم کیوایم بہاولنگر

بہاولنگر۔۔۔یکم، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ ڈسٹرکٹ فورٹ عباس کے ذمہ داران وکارکنان نے کہا ہے کہ منفی پروپگنڈوں اور سازشوں سے حق پرستی کی جدوجہد کو سبوتاژ نہیں کیا جاسکتا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کے روز فورٹ عباس میں ایک اجلاس میں کیا۔ڈسٹرکٹ بہاولنگر آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان آصف گجا، رانا منظور عالم، تحصیل فورٹ عباس کے انچارج شاہد حسین سندھو، ارکان فقیر محمد، حافظ محمد اکرم، لالا بوٹا، یوسی 65، یوسی 66، یوسی 67 اور یوسی 75 کے ذمہ داران، ایم کیوایم فورٹ عباس شعبہ خواتین کی ذمہ داران اور کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر اجلاس کے تمام شرکاء نے متفقہ طور اعلان کیا کہ تمام تر سازشی منصوبوں اور منفی پروپیگنڈوں کے باوجود حق پرستی کی جدوجہد جاری رہے گی۔اجلاس میں کہا گیا کہ ایم کیوایم کے خلاف تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کے منفی پروپیگنڈوں سے یہ حقیقت ثابت ہوچکی ہے کہ ایم کیوایم ایک حق پرست تنظیم ہے جو ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اور ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد مفاد پرست سیاسی ومذہبی جماعتوں کو پسند نہیں آئی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے خلاف منفی پروپیگنڈوں سے بہاولنگر کے کارکنان کے حوصلے مزید بلند ہوئے ہیں اور تمام کارکنان کا یہ فیصلہ ہے کہ وہ حق پرستی کی جدوجہد سے ہرگز دستبردار نہیں ہونگے۔اجلاس میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت پر غیر متزلزل اعتماد کا اظہار کیا گیا اور انکی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں بھی کی گئیں۔

## پاکستان تحریک انصاف سندھ کے جوائنٹ سیکریٹری نذیر احمد بروہی کی ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

کراچی ۔۔۔یکم رجون 2007ء

پاکستان تحریک انصاف سندھ کے جوائنٹ سیکریٹری نذیر احمد بروہی نے اپنے ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے جمعہ کے روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں رکن رابطہ کمیٹی اشفاق منگی اورحق پرست رکن سندھ اسمبلی حمید الظفر سے ایک ملاقات میں کیا۔اس موقع پر تحریک انصاف سندھ کے مقامی رہنما و کارکنان خلیل احمد کلہوڑو، سعید احمد بروہی، میر جلاد بروہی، فراز مغل، نیاز احمد اور ایم جان بروہی نے بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے نذیر احمد بروہی نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ اور جناب الطاف حسین ملک کے واحد جماعت اور قائد ہیں جو 98 فیصد مظلوم ومحکوم عوام کے حقوق کی جدوجہد کررہے ہیں۔انہوں نے ملک بھر میں ایم کیوایم کے خلاف منفی پر پیگنڈوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ملک بھر کے باشعور عوام ایم کیوایم کے خلاف جھوٹے پروپیگنڈوں کے پس پردہ مقاصد کو سمجھ چکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہم ایم کیوایم کو ایک سچی جماعت سمجھتے ہیں اور جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ کے فروغ کیلئے اپنا ہر ممکن کردار ادا کریں گے۔

☆☆☆☆☆